DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 05-07-2023**

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کی قلیل منتشر آبادی کو صحت کی سہولیات فراہم کرنا چیلنج ہے، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیر اعلیٰ کا سرکاری آفسران کی حوصلہ افزائی کے لئے ستائشی مراسلے بھیجنے کا فیصلہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | بلدیاتی الیکشن کے آخری مرحلے میں بھی کامیاب ہونگے، مولانا عبدالواسع | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | ہڑتال کے جمہوری حق کو طریقے سے استعمال کیا جائے، ضیاء لانگو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | عوام سے صرف ووٹ کا رشتہ نہیں خدمت مقصد ہے، سردار صالح بھوتانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | قرآن پاک کی دانستہ بے حرمتی نفرت انگیز اقدام ہے، سردار کھیتران | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | سندھ سے اپنے حصے کا پانی حاصل کرنے کیلئے اقدامات کررہے ہیں، محمد خان لہڑی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | آئندہ انتخابات میں پھر سے عوام کے سامنے پیش ہوں گے، میر سکندر عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | گوادر فری زون نارتھ کے اردگرد 8 کلومیٹر طویل حفاظتی دیوار 90 فیصد مکمل | سنچری ودیگر اخبارات |
| 10 | کوئٹہ کے روایتی حسن کو بحال کرنیکا عزم کررکھا ہے ایڈمنسٹریٹر لوکل گورنمنٹ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان میں مون سون الرٹ سیاحتی مقامات پر پابندی عائد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | نوشکی چینی مہنگے داموں فروخت کرنے پر دو گودام سیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | کوئٹہ پشین زیارت میں گردآلود تیز ہوائیں سنجاوی میں بجلی کے پول درخت اکھڑ گئے، | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | حکومت دہشت گردی کے خاتمے کیلئے ہر ممکن اقدام کررہی ہے، بابر یوسفزئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | محکمہ کو پرائیویٹ بلڈرز کے حوالے نہیں کرنے دینگے، ملازمین | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | مون سون بارشیں نصیرآباد میں ایمرجنسی جیسی صورتحال نافذ رہے گی، عائشہ زہری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | قومی شاہراہوں پر قائم چیک پوسٹیں بھتہ خوری کا ذریعہ خاتمہ ضروری ہے، بلوچستان امن جرگہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | بلوچستان کے حالات خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے، واجہ ثناء بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

ہرنائی مسلح افراد ٹرک ڈرائیورز سے نقدی ودیگر سامان لوٹ کر فرار، حب مختلف چھاپوں کے دوران چار ملزمان گرفتار اسلحہ ومسروقہ فونز برآمد، حب ستی اور ہائیٹ پولیس تھانہ کی حدود میں چوری اور رہزنی کی وارداتوں میں اضافہ، وڈھ میں دونوں گروپوں کے حامی مورچہ زن کیوں ہیں، مستونگ سٹی پولیس کارروائی گرلز سکول سے چوری شدہ سامان برآمد، کوئٹہ پولیس نے چوری شدہ موٹر سائیکلیں دو نان کسٹم پیڈ گاڑیاں برآمد کرلیں،

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 05-07-2023

## عوامی مسائل

بھاری رقم کے عوض غیر قانونی نقشوں کی منظوری کوئٹہ میں کیٹر المنزلہ عمارتوں کی تعمیر جاری، انتظامیہ سرکاری ریٹس پر عملدرآمد میں ناکام واٹر ٹینکرز مالکان کی من مانیاں نرخ میں ہوشربا اضافہ، ایرانی پیٹرول کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ، نجد ار مچھروں کی لپیٹ میں ملیریا ٹائیفائیڈ عام ہوگیا شہری پریشان

### اداریہ:

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **"بلوچستان کو صنعتی ترقی کی ضرورت ہے!!"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت نے اپنا آخری بجٹ دے دیا ہے اس بجٹ میں تعلیم اور صحت دیگر شعبوں کو اہمیت دی گئی ہے اور وزیراعلیٰ بزنجو اور وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی مختلف مواقع پر اسی عزم کا اظہار واعادہ کرتے رہے ہیں کہ نامساعد حالات کے باوجود اس حکومت نے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لئے جو اقدامات اٹھائے ان کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا اور صوبائی حکومت صوبے کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کیلئے سے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی ہم ان کے عزم کو سراہتے ہیں یقیناً اس موجودہ حکومت نے نامساعد حالات کے باوجود بلوچستان کی تعمیر وترقی کیلئے اب تک غیر معمولی اقدامات اٹھائے ہیں جنہیں ہم سراہتے ہیں تاہم ساتھ ہی ساتھ اس امر کی نشاندہی بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں صنعت وحرفت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے اور اس موجودہ حکومت کو تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ضرورت ہے،

### اداریے:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے **"بلوچستان کو اس کے حصے کا پانی کب ملے گا یہ حق تلفی آخر کب تک"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ نے **"وفاق کی طرف سے وعدے پورے نہ کئے جانے پر وزیر اوعلیٰ کا سخت درعمل "** عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Solving tribal rift" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 05 JUL 2023 Page No: 1


# بلوچستان کی قلیل مگر منتشر آبادی کو صحت کی سہولیات فراہم کرنا چیلنج ہے، گورنر

**دورافتادہ اضلاع کے لوگ غربت، پسماندگی اور بنیادی سہولیات کی عدم موجودگی کی وجہ سے شہروں کی طرف ہجرت کرنے پر مجبور ہیں: ملک عبدالولی کاکڑ**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے پاکستان میں تعینات اقوام متحدہ کے کنٹری نمائندہ برائے پاپولیشن پروگرام Dr Luay Shabaneh نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کی قلیل مگر منتشر آبادی کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا ایک چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ کے دورافتادہ اضلاع میں غربت، پسماندگی اور بنیادی سہولیات کے عدم موجودگی کی وجہ سے مقامی لوگ شہروں کی طرف ہجرت کرنے پر مجبور ہیں۔ یہ بات باعثِ تشویش ہے کہ اس تیز رفتار سائنسی دور میں بھی بلوچستان میں دوران زچگی ماؤں کی شرح اموات سب سے زیادہ ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ غریب عوام کو متوازن اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے میں سب سے بڑی رکاوٹ غربت ہے۔ ضروری ہے کہ تمام سرکاری اور انٹرنیشنل ادارے دورافتادہ اضلاع کے غریب عوام پر ہی اپنی بھرپور توجہ مرکوز رکھیں۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے اثرات کے حوالے سے بھرپور عوامی مہم چلانے میں بلدیاتی نمائندوں، علماء کرام اور میڈیا پرسنز کو اپنے ساتھ شامل کریں۔ انہوں نے کہا کہ تمام اضلاع صحت، تعلیم اور جدید مہارتیں سکھانے کے حوالے سے عالمی اداروں کی فوری مالی معاونت اور جدید مشینری کی فراہمی مددگار ہو سکتی ہیں۔ علاوہ ازیں انٹرنیشنل ادارے اپنے منصوبوں کے ثمرات عوام تک پہنچانے کیلئے اپنی سرگرمیوں کو بلوچستان کے تمام اضلاع تک وسعت دیں۔ ملاقات میں بڑھتی ہوئی آبادی، خاندانی منصوبہ بندی، غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی، زچہ و بچہ کی صحت مندی، دیہی علاقوں میں عوام کی شہروں کی جانب منتقلی، افغان مہاجرین کی رجسٹریشن، نئی نسل کو جدید مہارتیں سکھانے اور بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کیلئے جامع حکمت عملی وضع کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔


MASHRIQ QUETTA


# غربت عوام کو متوازن غذا کی فراہمی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، گورنر بلوچستان

**بڑھتی ہوئی آبادی کے اثرات کے حوالے سے بھرپور عوامی مہم چلانے میں بلدیاتی نمائندوں، علماء کرام کو شامل کیا جائے، عبدالولی خان کاکڑ**

**تمام اضلاع صحت، تعلیم اور جدید مہارتیں سکھانے کے حوالے سے عالمی اداروں کی مالی معاونت اور جدید مشینری کی فراہمی مددگار ہو سکتی ہیں**

**گورنر بلوچستان / اقوام متحدہ کے کنٹری نمائندہ برائے پاپولیشن پروگرام ملاقات۔ جامع حکمت عملی وضع کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا**

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے پاکستان میں تعینات اقوام متحدہ کے کنٹری نمائندہ برائے پاپولیشن پروگرام (Dr. Luay Shabaneh) نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ ......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 9 پر

بلوچستان کی قلیل مگر منتشر آبادی کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا ایک چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ کے دورافتادہ اضلاع میں شدید غربت، پسماندگی اور بنیادی سہولیات کے عدم موجودگی کی وجہ سے مقامی لوگ شہروں کی طرف ہجرت کرنے پر مجبور ہیں۔ یہ بات باعث تشویش ہے کہ اس تیز رفتار سائنسی دور میں بھی بلوچستان میں دوران زچگی ماؤں کی شرح اموات سب سے زیادہ ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 05 JUL 2023 Page No: 2

# Poverty biggest challenge in Balochistan: Governor

## Says government, int'l institutions must focus on backward areas of the province

**Staff Report**

**QUETTA:** The United Nation's Country Head for Population Programme Dr. Luay Shabaneh on Tuesday called on Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar at Governor House here.

While talking to the UN country chief for Population, Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar said, "It is a challenge to ensure the provision of basic facilities to the dispersed population of Balochistan. Due to extreme poverty, backwardness and the absence of basic facilities in the remote districts of the province, people are forced to migrate to cities. It is a matter of concern that even in this advanced era, the maternal mortality rate is the highest in Balochistan, he deplored.

Governor Balochistan said that poverty is the biggest obstacle in ensuring the supply of balanced and nutritious food to poor people. It is necessary that government and international institutions focus on the poor people of the remote districts. Stressing the need for a joint approach to population control, he urged that opinion leaders, scholars and media persons may be engaged in conducting a vigorous public campaign regarding the effects of the growing population.

He said that all the districts can be helped by the immediate financial support and provision of modern machinery by international institutions in terms of teaching health, education and modern skills. Apart from this, international organizations should expand their activities to all the districts of Balochistan in order to convey the fruits of their projects to the people.

The meeting also focused on population growth, family planning, providing nutritious food, maternal and child health, migration of people from rural areas to cities, registration of Afghan refugees, and teaching modern skills to the new generation and growing population.

They discussed the increasing population, family planning, provision of nutritious food, maternal and child health, migration from rural areas to cities, registration of Afghan refugees, modern skills of teaching and framing comprehensive strategies, said a news release.

In the meeting, the Governor said that "the population of Balochistan is dispersed due to which it is a challenge to ensure the provision of basic facilities". He said that due to extreme poverty, backwardness and lack of basic facilities in remote districts of the province, people were forced to shift their homes to cities. Malik Wali Kakar said that Balochistan has the highest maternal mortality rate even in this scientific era.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1    DATE: 05 JUL 2023    Page No: 3

# وزیراعلیٰ کا سرکاری افسران کی حوصلہ افزائی کیلئے ستائشی مراسلے بھیجنے کا فیصلہ

## محکمہ کے سیکرٹری کی حیثیت سے آپ کی خدمات یقیناً صوبے میں گہرا اثر چھوڑیں گی، سیکرٹری کالجز اور سیکرٹری خوراک کے نام مراسلے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے سرکاری افسران کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کے ذریعہ انکی کارکردگی کو مزید نکھارنے اور سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کے لئے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو ستائشی مراسلے کے اجراء کا آغاز کیا گیا ہے یہ اقدام دیگر افسران کے لیے اپنی کارکردگی میں بہتری لانے کی جانب قابل تقلید ثابت ہوگا وزیراعلیٰ کی جانب سے سابق سیکریٹری محکمہ کالجز وہائر ایجوکیشن حافظ عبدالماجد کو ستائشی مراسلہ جاری کیا گیا ہے جس میں بحثیت سیکریٹری محکمہ کی بہتری کے لیے اٹھائے گئے اقدامات اور انمول خدمات کو تسلیم کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے خوشی کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ محکمہ کے سیکرٹری کی حیثیت سے آپ نے ایسی خدمات سرانجام دیں جو یقیناً صوبے میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے پر گہرا اثر چھوڑیں گی آپ کے دور میں تین کیڈٹ کالجز کو فنکشنل کیا گیا، انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے دو نئے بورڈ قائم کئے گئے اور اس کے علاوہ بی آئی ایس ای کی تین شاخوں کو بھی فعال بنایا گیا اس کے علاوہ بلوچستان یونیورسٹیز ایکٹ 2022 منظور ہوا اور درحقیقت آپ نے پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں وائس چانسلرز کی تقرری کے عمل میں اہم کردار ادا کیا۔ حلقہ میں اساتذہ کی کمی کو دور کرنے کے لیے آپ کی کاوشیں قابل ستائش تھیں تعریفی مراسلے میں وزیراعلیٰ نے اس یقین کا اظہار کیا کہ آپ نے جن اقدامات کی حمایت کی ہے وہ صوبے میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو بلند اور بہتر بنائیں گے اور آپ مستقبل میں بھی عوامی خدمات کی فراہمی میں اپنی عمدگی اور لگن کے حصول کو جاری رکھیں گے وزیراعلیٰ نے سابق سیکرٹری ایجوکیشن کے لیے آئندہ اسائنمنٹس کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سیکریٹری خوراک مجیب الرحمن کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اپنے ایک تعریفی مراسلے میں کہا ہے کہ ان کی سال 2023 کے لیے گندم کی خریداری کے چیلینجنگ کام کی تکمیل اور متاثر کن کارکردگی قابل ستائش ہے سیکرٹری خوراک نے خریداری مہم کے دوران جس طرح سے بہترین کارکردگی، پیشہ ورانہ مہارت اور استقامت کا مظاہرہ کیا وہ ایک پبلک سرونٹ کے طور پر انکی کی غیر معمولی خصوصیات کو ظاہر کرتا ہے اس کے علاوہ، آپ کا تعاون، ٹیم کی تعمیر، اور اصلاح مثالی تھی، جو دوسروں کے لیے یکساں مثالیت کے معیارات طے کرتی ہے اہداف کی کامیاب تکمیل پسماندہ طبقے کو سبسڈی والے نرخوں پر گندم کی فراہمی کو یقینی بنانے اور غذائی عدم تحفظ کو کم کرنے میں آپ کی کارکردگی قابل تقلید ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ آپ اسی جذبے اور زیادہ اثر کے ساتھ اپنے فرائض کی انجام دہی جاری رکھیں گے اور صوبے کا اثاثہ ثابت ہوتے رہیں گے میں آپ کی زندگی اور مستقبل کی ذمہ داریوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔

# بلوچستان کے عوام نے اپنے حقوق کیلئے صوبے بھر میں پرامن احتجاج ریکارڈ کرایا، بی این پی

**کسی ایک شخص کے گاڑی کے شیشے تک نہیں ٹوٹے عوام اور ٹرانسپورٹرز نے رضا کارانہ طور پر پہیہ جام ہڑتال کو کامیاب بنایا**

**پروپیگنڈہ شروع کیا گیا کہ بہت سی ہلاکتیں ہوئی لیکن کوئی ثبوت نہیں پر سوشل میڈیا پر تفتان کے 8جون کی تصویر چلائی گئی**

**غلط بیانی کا مقصد بی این پی کیخلاف بڑے کریک ڈاؤن کا آغاز، بلوچستان کے عوام کو مسلح جتھوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے، بیان**

اسلام آباد(پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ 3 جولائی کے کامیاب پرامن پہیہ جام ہڑتال نے بہت سے لوگوں کو مجبور کر دیا ہے کہ وہ اب بلوچستان نیشنل پارٹی کے پرامن جمہوری ہڑتال کیخلاف منفی پروپیگنڈہ کریں اہل بلوچستان کے بلوچ اور پشتون علاقوں میں پرامن احتجاج ریکارڈ کرایا جس میں کسی ایک شخص کے گاڑی کے شیشے تک نہیں ٹوٹے عوام اور ٹرانسپورٹرز نے رضا کارانہ...... بقیہ نمبر61 صفحہ نمبر9 پر

طور پر پہیہ جام ہڑتال کو کامیاب بنایا لیکن سوشل میڈیا پر جو پروپیگنڈہ شروع کیا گیا کہ بہت سی ہلاکتیں ہوئی لیکن کوئی ثبوت نہیں کہ ہلاکتیں پہیہ جام ہڑتال کی وجہ سے ہوئی ڈیتھ سکواڈ کے ایماء پر سوشل میڈیا پر تفتان کے 8جون کی تصویر چلائی گئی جس میں یہ واضح ہے کہ واقعہ 8جون کا تھا ستم ظریفی کا عالم ہے کہ بلوچستان کے جمہوری سیاست میں ہمیشہ مداخلت رہی ہے یہاں پر کوشش کی گئی کہ ایسے غیر سیاسی لوگوں کو جعلی انتخابات کے ذریعے اقتدار پر براجمان کیا جائے سیاسی انجینئرنگ کے ذریعے بے ضمیر اور کرپٹ قیادت مسلط کی گئی جن کا تعلق ڈیتھ سکواڈ، مسلح جتھوں سے تھا وہ بلوچستان کے عوام کے حقوق کی حصول کے بجائے یہاں کے وسائل کو لوٹنے میں معاون ومددگار ثابت ہوتے رہے اب پھر پروپیگنڈہ مہم کا مقصد یہی ہے

# دہشتگردی کے واقعات پر جمہوری ردعمل پارٹی کا بنیادی حق ہے، پشتونخوا میپ

**ملازمتوں پر تعیناتی میں گھپلوں کی تحقیقات کرائی جائیں، کرپشن کیخلاف مرکزی ادارے نے آنکھیں بند کرلیں، عبدالرحیم زیارتوال**

**کوئٹہ زیارت روڈ کا ادھورا چھوڑ کر لاکھوں افراد کو اذیت میں مبتلا کر دیا گیا، اجلاس میں تنظیمی رپورٹ پیش، شرکاء کا مختلف امور پر اظہار خیال**

زیارت (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع زیارت کے ضلعی کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز پارٹی ضلعی دفتر زیارت میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سردار حبیب الرحمن دمڑ، ضلعی سیکرٹری سردار میر واثیس خان سمیت ضلع ایگزیکٹو اور ضلعی کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں پارٹی کے گزشتہ سیاسی اور تنظیمی رپورٹ پیش کی گئی جس کی منظوری دیتے ہوئے تمام علاقائی یونٹوں کو کامیاب علاقائی کانفرنسز کے انعقاد پر مبارکباد دی اور باقی...... بقیہ نمبر88 صفحہ نمبر9 پر

ماندہ تحصیل کانفرنسوں اور ضلعی کانفرنس کو کامیاب بنانے کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئی۔ اجلاس سے پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے خطاب کرتے ہوئے دانہ سر کے مقام پر پولیس کے جوانوں کے قتل کی مذمت کی اور کہا کہ ان سفاکانہ، دہشتگردانہ واقعات کے خلاف احتجاج میں پارٹی نے اپنی جمہوری اور صف اول کا کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی اپنا جمہوری احتجاج ریکارڈ کرائیگی۔ انہوں نے کہا کہ مسلط ٹولے نے صوبے میں کرپشن کے ریکارڈ قائم کیئے، ملازمتوں کی ایک ایک پوسٹ کی خرید وفروخت جاری ہے، صوبے میں انٹی کرپشن کا ادارہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہی ہے اور اس طرح مرکزی محکمہ نیب نے بھی آنکھیں بند کی ہے جو کرپشن کی خاموش حمایت کے سوا کچھ نہیں۔ اجلاس میں مانگی کے مقام پر ٹرکوں کو جلانے اور علاقے میں مسلسل امن وامان کے مخدوش صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع زیارت کے تمام محکموں بالخصوص محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت کے کارکردگی کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ حکومت کے پانچ سال مکمل ہونے کو ہے اور زیارت ان پانچ سالوں میں مکمل طور پر ایک لاوارث ضلع بن چکا ہے

# مسافر بسوں کو چیکنگ کے نام پر تزلیل قبول نہیں، آل پاکستان بس یونین

**مافیاز کروڑوں روپے دے کر پرمٹ خرید کر چینی اسمگلنگ کر رہے ہیں، گفتگو**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ترجمان آل پاکستان بس یونین کا مسافر بسوں کو چینی اسمگلنگ کے نام پر جگہ جگہ چیکنگ کرنا اور مسافروں کی تزلیل، رخشان ڈویژن میں چینی کی قلت وہی صوبائی حکومت کی جانب سے پرمٹ کے اجراء اور مافیاز کا چینی اسمگلنگ کے خلاف صوبے بھر میں تمام روٹس پر سروس بند کرکے پہیہ جام ہڑتال کا اعلان عام عوام کے لئے چینی...... بقیہ نمبر76 صفحہ نمبر9 پر

دستیاب نہیں، زمیندار ایک پارسل یوریا کھاد لیجا نہیں سکتا، دالبندین میں چینی 200 روپے فی کلو فروخت ہورہا ہے تفتان میں قیمت اس سے زیادہ ہے وہی پرمٹ کے نام پر گاڑیوں میں چینی کی اسمگلنگ تیزی سے جاری ہے محکمہ انڈسٹریز کی جانب سے جاری ہونے والے پرمٹ کی قیمت 10 لاکھ میں فروخت ہوتا ہے مافیاز کروڑوں روپے دے کر پرمٹ خرید کر چینی اسمگلنگ کر رہے ہیں، کوئٹہ سے تفتان تک چیک پوسٹوں کا انبار لگا ہوا ہے جگہ جگہ مسافر بسوں کو روک کر بس عملہ کو ہراساں کیا جاتا ہے بعض اوقات ان پر تشدد بھی کیا جاچکا

# قومی شاہراہوں پر قائم چیک پوسٹیں بھتہ خوری کا ذریعہ خاتمہ ضروری ہے

بلوچستان امن جرگہ

**بلوچستان میں صنعتیں نہ ہونے کی وجہ سے نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد بے روزگاری کا شکار ہے**

**عوام کو بارڈر کے دونوں جانب کاروبار کیلئے سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے، لالا یوسف خلجی کی وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صنعتیں نہ ہونے کی وجہ سے نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد بے روزگاری کا شکار ہے لوگوں کا روزگار کا ذریعہ بارڈر سے منسلک کاروبار، ایرانی ڈیزل اور پٹرول سے وابستہ ہے قومی شاہراہوں پر قائم چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری کی وجہ سے نوجوانوں کیلئے یہ روزگار کے دروازے بھی بند کر دیئے گئے ہیں حکومت فوری طور پر قومی شاہراہوں پر قائم چیک پوسٹوں کو ختم اور بلوچستان کے عوام کو بارڈر کے دونوں جانب کاروبار کیلئے سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو بلوچستان امن جرگے کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے نوجوانوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 3

DATE: 05 JUL 2023

Page No: 12

# عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کیلئے اربوں کے ترقیاتی منصوبے منظور کرائے

نور محمد دمڑ

## واٹر سپلائی اسکیم کی تکمیل سے پینے کے صاف پانی کا مسئلہ حل ہوا، ہم دعوؤں کی نہیں عملی اقدامات کی سیاست کرتے ہیں

## کارواں میں عوام کی جوق درجوق شمولیت ہماری کارکردگی کا واضح ثبوت ہے، سابق سینئر صوبائی وزیر کا تقریب سے خطاب

سنجاوی (نامہ نگار) عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کیلئے اربوں کے منصوبے منظور کرائے، واٹر سپلائی اسکیم کی تکمیل سے پینے کے صاف پانی کا مسئلہ حل ہوا، ہم دعوؤں کی نہیں عملی اقدامات کی سیاست کرتے ہیں، ہمارے کارواں میں عوام کی جوق درجوق شمولیت ہماری کارکردگی کا واضح ثبوت ہے، سابق سینئر صوبائی وزیر کا تقریب سے خطاب تفصیلات کے مطابق بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکریٹری سابق سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ میں نے اپنے 5 سالہ دور حکومت میں جتنے ترقیاتی منصوبے منظور کرائے ہیں تمام منصوبے عوامی اجتماعی مفادات کے منصوبے ہیں جن کے تکمیل سے علاقے کے عوام مستفید ہونگے ہمارے کاروان میں عوام کی جوق درجوق شمولیت ہماری کاردگی کا واضح ثبوت ہے۔ 5 سال میں وفاقی و صوبائی حکومت سے حلقے کے ترقی کیلئے اربوں روپوں کے منصوبے منظور کرائے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنجاوی گل وچ میں اپنے فنڈز سے منظور شدہ فنڈز سے مکمل ہونے والی واٹر سپلائی کی افتتاحی تقریب، وچ ونی اور گل وبالہ اخمرگ سنجاوی میں ملک امین اللہ زخپیل کے رہائشگاہ پر شمولیتی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے قبائلی عمائدین، علاقے لوگوں اور پارٹی ورکروں و محکمہ پی ایچ ای کے آفیسران کے ہمراہ وچ ونی میں اپنے فنڈز سے منظور شدہ مکمل ہونے والی واٹر اسکیم کا افتتاح کیا سینئر صوبائی وزیر نے واٹر اسکیم کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وچ ونی واٹر سپلائی اسکیم سے گل کے لوگوں کو پینے کے صاف پانی کا جو مسئلہ درپیش تھا وہ حل ہو گیا اور اب عوام کو انکے گھر کی دہلیز پر ہی پینے کا صاف پانی میسر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے عوام سے بلند وبانگ دعوے نہیں بلکہ عملی کام کیا ہے، انہوں نے کہا کہ ضلع زیارت کے ہر یونین کونسل اور گاؤں میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے تعمیراتی کام جاری ہے جن کی تکمیل سے عوام استفادہ حاصل کرینگے، شمولیتی اجتماعات میں سنجاوی یونین کونسل وچ ونی سے حاجی نصر الدین کی قیادت میں عطاء اللہ، اظہار، اسرار اللہ، فرید اللہ، اللہ نور، عطاء گل، عین الدین، محمد یعقوب، محمد یوسف، عیسیٰ خان، ہدایت اللہ، افتخار احمد، ابرار احمد نے جمعیت علمائے اسلام ف سے مستعفی ہوکر حاجی نور محمد خان دمڑ کاروان میں شمولیت کا اعلان کیا جبکہ سنجاوی یونین کونسل و یالہ اخمرگ سے ملک امین اللہ زخپیل کی قیادت میں، ندیم اللہ، نصیب اللہ، نصیر خان، سنت اللہ، سعاد اللہ، رفیع اللہ، مطیع اللہ، عزت اللہ، بسم اللہ، کریم خان، رحمت اللہ، زاہد اللہ، زین اللہ، کلیم اللہ، کبیر خان، نجیب اللہ، ثنا اللہ، عصمت اللہ، عطاء گل، محمد انور، اکرم اللہ، حبیب اللہ، نقیب اللہ، علقم دمڑ، علاؤ الدین، گلزار خان، کمال الدین، نصر الدین، ملا بختیار، عزت اللہ، محمد یونس، عبدالنافع، راز شاہ، محمد رسول، علاؤ الدین، کمیل شاہ، ظاہر شاہ، کاشو، عمران خان، جاوید خان، جمشید خان، سمیع اللہ، ارباس خان، سجاد اللہ، حفیظ خان، عزیز اللہ، پکار خان، غلام محمد زخپیل نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سے مستعفی ہوکر حاجی نور محمد خان دمڑ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انکے کارواں میں شامل ہو گئے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 05 JUL 2023

Page No: 13


## ہرنائی: مسلح افراد ٹرک ڈرائیورز سے
## نقدی و دیگر سامان لوٹ کر فرار

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی پنجاب قومی شاہراہ تحصیل سنجاوی اصغرہ کے مقام پر مسلح افراد نے ہرنائی سے پیاز لے جانے والے ٹرک ڈرائیوروں سے ہزاروں روپے نقدی، موبائل فونز و دیگر قیمتی اشیاء چھین کر کے فرار ہوگئے، واضح رہے مذکورہ مقام پر ایک درجن سے زائد وارداتیں ہوچکی ہیں۔ عوامی سماجی حلقوں اور ٹرانسپورٹروں نے حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اصغرہ کے مقام پر موجود لیویز چیک پوسٹ جو ہمیشہ بند رہتی ہے کے عملے کے خلاف کارروائی کی جائے۔

## حب: مختلف چھاپوں کے دوران
## 4 ملزمان گرفتار، اسلحہ و مسروقہ فونز برآمد

حب (نامہ نگار) حب سٹی پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران چار ملزمان کو گرفتار کرکے اسلحہ، منشیات اور مسروقہ موبائل فونز قبضے میں لے لیے تفصیلات کے مطابق حب سٹی پولیس نے پسند کی شادی کرنے والے شخص کے قتل میں مطلوب ملزم رمضان کو گرفتار کرکے پسٹل اور واردات میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل قبضے میں لے لی دریں اثناء ایک کارروائی کے دوران موٹر سائیکل پر شہریوں سے موبائل چھیننے والے ملزم حذیفہ کو حراست میں لے کر مسروقہ موبائل فون برآمد کرلیے علاوہ ازیں ملزم صابر کو گرفتار کرکے مسروقہ موبائل فون اور سات ہزار روپے قبضے میں لے لیے گئے۔ ایس ایچ او حب سٹی شاہنواز مینگل نے چھاپے کے دوران ایک کلو 25 گرام چرس برآمد ہونے پر ملزم مجاہد کو گرفتار کرلیا۔

INTEKHAB QUETTA

## حب سٹی اور ہاسپٹ پولیس تھانہ کی حدود میں چوری اور رہزنی کی وارداتوں میں اضافہ
### سٹی تھانہ کی حدود سے شہری سے موٹر سائیکل، ہاسپٹ میں اسلحہ کے زور پر قیمتی موبائل اور ہزاروں روپے چھین لیے گئے

حب (نمائندہ انتخاب) حب سٹی اور ہاسپٹ پولیس تھانہ کی حدود میں چوری ڈکیتی لوٹ مار اور اسٹریٹ کرائمز کی وارداتوں میں اضافہ، شہری ڈکیت گروہ کے ہاتھوں لٹنے لگے بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر

گے، حب سٹی تھانہ ایریا سے نامعلوم چوروں نے شہری کو موٹر سائیکل سے محروم کردیا جبکہ ہاسپٹ پولیس حدود میں مسلح موٹر سائیکل سواروں نے اسلحہ کے زور پر شہری سے لوٹ مار کرکے 30 ہزار روپے نقد، 3 عدد قیمتی موبائل فونز چھین کر باآسانی فرار ہوگئے۔ حب کے شہری حلقوں کا حب سٹی تھانہ اور ہاسپٹ پولیس ایریا میں بڑھتی ہوئی چوری ڈکیتی کی وارداتوں پر تشویش اور عدم تحفظ کا اظہار، پولیس شہریوں تاجروں کو تحفظ فراہم کرنے اور چوری ڈکیتی کی وارداتیں کنٹرول کرنے میں ناکام ہوچکی ہے شہری و تاجروں کو ڈاکوؤں، ڈکیتوں اور چوروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے

MASHRIQ QUETTA

## مستونگ سٹی پولیس کی کاروائی، گرلز سکول سے چوری شدہ سامان برآمد
### ملزمان گرفتار، تفتیش کیلئے تھانہ منتقل کردیا، ملزمان کے قبضہ سے پسٹل قبضے میں لے
### سٹریٹ کرائمز میں ملوث عناصر کس ہر صورت قانون کے گرفت میں لایا جائے، شہری

مستونگ (یو این اے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر راشد الرحمن زہری اور ڈی ایس پی سٹی نواز شکوری کی ہدایات پر ایس ایچ او سٹی پولیس تھانہ زبیر جان علیزئی اور اے ایس آئی علی احمد سالانی کی سربراہی میں سٹی پولیس کے چھاپہ مار ٹیم کے ہمراہ کامیاب کاروائی کی، کاروائی میں گرلز ہائی سکول سے چرائے گئے شمسی پلیٹ و دیگر برقی آلات بھی برآمد کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کرکے تفتیش کیلئے تھانہ منتقل کردیا۔ ملزمان کے قبضہ سے پسٹل بھی برآمد کیا ملزمان میں سے ایک ملزم مستونگ بازار کا چوکیدار ہے۔ گرفتار ملزمان غلام مرتضیٰ.......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 9 پر

ساکن محراب روڈ دو روز قبل حراست میں لے کر اسکے قبضہ سے سولر پلیٹ برآمد کیا اور ملزم کی نشاندہی پے ایک اور منیر احمد ساکن مہتران کو گرفتار کیا جو کہ بازار میں چوکیدار ہے۔ بہترین حکمت عملی اور چوروں کو فوراً قانون کے گرفت میں لانے پر ایس پی راشد الرحمن زہری نے سٹی پولیس چھاپہ مار ٹیم کو شاباش دی۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ اسٹریٹ کرائمز میں ملوث عناصر کس ہر صورت قانون کے گرفت میں لایا جائے

## کوئٹہ پولیس، نے چوری شدہ موٹر سائیکلیں
## 2 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں برآمد کرلیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے چوروں، نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرکے مسروقہ شدہ موٹر سائیکلیں 2 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں برآمد کرکے قبضے میں لے تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ غلام اظفر مہیسر ایس.......... بقیہ نمبر 81 صفحہ نمبر 9 پر

ایس پی آپریشن کیپٹن (ر) زوہیب محسن کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او ائیر پورٹ ملک آصف نے کاروائی کرتے ہوئے محمد احسان اللہ، یوسف کو گرفتار کرکے 2 مسروقہ شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کرکے قبضے میں لے لی جبکہ دوسری کاروائی میں نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کو قبضہ پولیس میں لے لیا اسی طرح منظور شہید کے عملے نے آغا محمد کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کاروائی شروع کردی۔

## وڈھ میں دونوں گروپوں کے حامی مورچہ زن کیوں ہیں
### یہ تنازع بلوچستان میں زندگی کو کیسے متاثر کر رہا ہے؟، بی بی سی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع خضدار میں مینگل قبیلے کے دو گروہوں کے ایک دوسرے کے خلاف مورچہ زن ہونے کے باعث اس علاقے میں.......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 9 پر

سکیورٹی کی صورتحال بدستور کشیدہ ہے اور علاقہ مکینوں کو پریشانی کا سامنا ہے۔ اسی کشیدہ صورتحال کے تناظر میں پیر کے روز قوم پرست جماعت بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) (کی اپیل پر بلوچستان بھر میں پہیہ جام ہڑتال بھی کی گئی، جس کے باعث صوبے کے بیشتر شہروں کا ملک کے دیگر علاقوں سے زمینی رابطہ متاثر ہوا کیونکہ مظاہرین نے صوبے کی بیشتر بڑی شاہراہوں پر دھرنا دے رکھا تھا۔ ضلع خضدار کی تحصیل وڈھ میں صورتحال سابق صدر پرویز مشرف کے دور سے ہی کشیدہ ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 DATE: 05 JUL 2023 Page No: 14

بھاری رقم کے عوض
غیر قانونی نقشوں کی منظوری

# کوئٹہ میں کثیر المنزلہ عمارتوں کی تعمیر جاری

**بلڈنگ کوڈ نظر انداز، لاکھوں زندگیاں خطرے میں، عمارتوں میں عدالتی پابندی کے باوجود ٹیوب ویلز بھی نصب کئے جا رہے ہیں، نیب اور اینٹی کرپشن سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (نسیم حمید یوسفزئی/اسٹاف رپورٹر) زلزلہ زون میں واقع کوئٹہ بلند و بالا عمارات کا شہر بنتا جا رہا ہے۔ گزشتہ چند برس سے شہر کے وسط میں واقع رہائشی عمارتوں کے تجارتی استعمال کے رجحان میں اضافہ ہوا ہے، بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی کے سبب مسلسل بلند عمارات تعمیر کی جا رہی ہیں۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ذمہ داروں نے اس غیر قانونی عمل کے خلاف خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ رپورٹ کے مطابق کوئٹہ 31 مئی 1935ء کے خوفناک زلزلے میں ملبے کے ڈھیر میں تبدیل ہو گیا تھا، جس کے بعد شہر میں پختہ چھتوں کے مکان بنانے پر پابندی عائد کر دی گئی تھی۔ 1937ء میں بلڈنگ کوڈ رائج کیا گیا، جس کے تحت صرف "سیون ٹائپ" مکانات بنانے کی اجازت دی گئی۔ سیون ٹائپ مکانات کی چھتیں لکڑی اور ٹین کی چادروں سے بنی ہوتی ہیں، جو 30 فٹ سے زیادہ اونچی نہیں ہوتیں۔ دو دہائیوں کے دوران کوئٹہ کی آبادی میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے، خاص طور پر صوبے کے اندرونی علاقوں سے لوگوں کی بڑی تعداد یہاں منتقل ہو رہی ہے۔ جس شہر میں 30 فٹ سے بلند مکانات نظر نہیں آتے تھے، اب میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام کی ملی بھگت سے کئی کئی منزلہ عمارتیں تعمیر کی جا رہی ہیں۔ کچے اور سیون ٹائپ مکانات کی جگہ اسپتال، اسکولز، نجی دفاتر، کلینکس اور شورومز قائم ہو رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن میں باقاعدہ نقشہ برانچ موجود ہے جہاں مبینہ طور پر بھاری رشوت کے عوض غیر قانونی عمارتوں کی تعمیر کی منظوری دی جا رہی ہے جبکہ بلڈنگ کوڈ پر عملدرآمد کیلئے متعین عملہ بھی "پیسے" کمانے میں مصروف ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے ایک افسر کا کہنا ہے کہ ہم بلند و بالا عمارتوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں لیکن یہ کام میٹروپولیٹن کارپوریشن کی ذمہ داری ہے۔ دوسری جانب ان پلازوں میں عدالتی پابندی کے باوجود ٹیوب ویلز کی بورنگ بھی کی جا رہی ہے اور مبینہ طور پر واسا کا عملہ بھاری رشوت لیکر آنکھیں بند کر لیتا ہے۔ انہوں نے نیب اور اینٹی کرپشن سے اپیل کی کہ وہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اور واسا میں ہونیوالی بے قاعدگیوں کیخلاف تحقیقات کرا کے ذمہ داروں کیخلاف سخت کارروائی کریں۔ دوسری جانب ممتاز ارضیاتی ماہر پروفیسر ڈاکٹر دین محمد کا کہنا ہے کہ جب شہر میں جابجا فلک بوس عمارتیں دیکھتا ہوں، تو کانپ اٹھتا ہوں، کیوں کہ 1935ء میں گیس، بجلی کی سہولت اتنے وسیع پیمانے پر میسر نہیں تھی، جب کہ سی این جی گاڑیاں، گیزر وغیرہ تو تھے ہی نہیں۔ اگر اب 1935ء جیسا یا اس سے کم شدت کا بھی زلزلہ آیا، تو شہر میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوگی۔ خاص طور پر گیس، بجلی اور سی این جی سے ہونے والے نقصانات انتہائی زیادہ ہوں گے۔ انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ شہر سے 50 کلومیٹر کے فاصلے پر غزہ بند میں ایک خطرناک فالٹ موجود ہے، جہاں 200 سال سے کوئی زلزلہ نہیں آیا، اس فالٹ پر کافی انرجی جمع ہو چکی ہے، جب کہ کوئٹہ میں زلزلہ ری لوڈ ہو چکا ہے، البتہ یہ بتانا مشکل ہے کہ کس وقت آسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر اور آبادی کا پھیلاؤ ناگزیر ہے، لیکن ہمیں بلڈنگ کوڈ کی سختی سے پابندی کرنی ہوگی۔

انتظامیہ سرکاری ریٹس پر
عملدرآمد میں ناکام

# واٹر ٹینکرز مالکان کی من مانیاں، نرخ میں ہوشربا اضافہ

**سرکاری نرخنامے کے مطابق مختلف علاقوں کیلئے 1100 سے 1600 کا ریٹ مقرر ہے، واٹر سپلائی سکیموں اور ٹینکرز مالکان کیخلاف کارروائی کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ٹینکر مالکان کی من مانیاں جاری، سرکاری نرخ کی دھجیاں اڑا دی، سرعام مہنگے داموں پانی فروخت کرنے لگے، عوام مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور، رپورٹ کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے شہر کے مختلف علاقوں میں پانی فراہم کرنے والے ٹینکرز کے ریٹ مقرر کئے تھے اور ٹینکر مالکان کو پابند کیا تھا کہ وہ اس ریٹ لسٹ کے مطابق شہر بھر میں پانی سپلائی کریں لیکن اسکے برعکس کوئٹہ میں ٹینکر مالکان مہنگے داموں پانی فروخت کر رہے ہیں جبکہ اس ضمن میں انتظامیہ کی جانب سے کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جا رہی۔ اس ضمن جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق جناح ٹاؤن، شہباز ٹاؤن، سمنگلی روڈ، سبزل روڈ و اطراف کے لئے پانی کے ٹینکر کا ریٹ 1200 روپے مقرر کیا گیا تھا جبکہ پشتون آباد و اطراف کے لئے 1000، مری آباد، علمدار روڈ، طوغی روڈ و اطراف کے لئے 1600، سیٹلائٹ ٹاؤن، ایسٹرن بائی پاس، موسیٰ کالونی، سریاب مل، شفیع کالونی، برما ہوٹل، گرین ٹاؤن، شاہین بنگلو و اطراف کے علاقوں کے لئے 1000، جناح روڈ، فاطمہ جناح روڈ، پرنس روڈ، زرغون روڈ، جیل روڈ و اطراف کے لئے 1500 روپے، ہزار گنجی ویسٹرن بائی پاس، قمبرانی روڈ و گرد و نواح کے لئے 1000 اسی طرح بروری روڈ، فیصل ٹاؤن، اے ون سٹی، ہزارہ ٹاؤن، جبل نور، اسپنی روڈ، ثروت آباد و اطراف کے علاقوں کے لئے 1000، ایئرپورٹ روڈ، عالمو چوک، شیخ ماندہ، کلی الماس و اطراف میں 1300، جوائنٹ روڈ، چمن پھاٹک، جیل روڈ و اطراف 1100، نواں کلی و اطراف 1000، سرکی روڈ، میکانگی روڈ، کاسی روڈ، جان محمد روڈ و اطراف 1300، کواری روڈ، فقیر محمد روڈ و اطراف 1200، وحدت کالونی، کلی دیبہ، بلوچ کالونی، ہدہ، کلی مبارک و اطراف 1100 جبکہ ارباب کرم خان روڈ، رئیسانی روڈ و اطراف کے لئے 1300 روپے ٹینکر کا ریٹ مقرر کیا گیا تھا، نوٹیفکیشن کے مطابق ٹینکر مالکان کو پابند کیا گیا تھا کہ وہ اپنے ٹینکر اور ٹیوب ویل پر ریٹ لسٹ چسپاں کریں اور ٹینکر مالکان مقررہ ریٹ سے زیادہ وصول نہ کریں بصورت دیگر ان کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی لیکن اس ضمن میں کوئی کارروائی نہیں کی جا رہی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5

DATE: 05 JUL 2023

Page No. 10


# ایرانی پیٹرول کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ

پیٹرول پمپ مالکان اور مافیا کا پیٹ نہیں بھر سکا، پیٹرول پمپس میں مصنوعی قلت پیدا کر کے غیر قانونی ایرانی پیٹرول کو 300 روپے فی لیٹر فروخت کیا جانے لگا، ضلع انتظامیہ نے خاموشی اختیار کر لی

عالمی مارکیٹ میں قیمتیں کم ہونے کے باوجود حکمراں آئی ایم ایف کی وجہ سے ریلیف نہیں دے سکتے، کوئٹہ، ژوب، لورالائی اور دیگر علاقوں میں عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایرانی پیٹرول کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ، پیٹرولیم مالکان اور مافیا کا پیٹ نہیں بھر سکا، پیٹرول پمپ میں مصنوعی قلت پیدا کر کے غیر قانونی ایرانی پیٹرول کو 300 فی لیٹر فروخت کیا جانے لگا، ضلع انتظامیہ نے خاموشی اختیار کر لی، عالمی مارکیٹ میں قیمتیں کم ہونے کے باوجود حکمراں آئی ایم ایف کی وجہ سے ریلیف نہیں دے سکتے، کوئٹہ، ژوب، لورالائی اور دیگر علاقوں میں عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے تفصیلات کے مطابق پیٹرولیم مالکان اور مافیا کا پیٹ نہیں بھر سکا، قانونی پیٹرولیم پمپ میں مصنوعی قلت پیدا کر کے غیر قانونی ایرانی پیٹرول کو 300 روپے لیٹر فروخت کرنے لگا پوچھنے اور روکنے والا کوئی نہیں یعنی جس کی لاٹھی اس کی بھینس والا سلسلہ بدستور جاری ہے واضح رہے کہ اس وقت کوئٹہ خاص کر ژوب، لورالائی اور دیگر علاقوں میں میں ایک بار پھر پیٹرولیم مالکان اور پیٹرولیم مافیا نے ملکر عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا پروگرام بنا لیا، گورنمنٹ نام کی کوئی چیز نہیں اور نہ عوام کی ریلیف دینے کی کوئی فکر ہے بلکہ جتنے عوام خوار اتنا حکومت کا فائدہ عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ریکارڈ کمی ہونے کی باوجود حکمراں عوام کو آئی ایم ایف کی غلامی کی وجہ سے ریلیف نہیں دے سکتے دوسری جانب پیٹرولیم مافیا کو بھی مکمل چھوٹ دی ہے تاکہ عوام مزید مہنگائی کی چکی میں پھنس جائیں حکومت کی خاموشی اور مافیا کی ہٹ دھرمی سے عید سے ایک دن قبل قانونی پیٹرولیم مالکان نے غیر قانونی پیٹرول فروخت کرنے والے مافیا کے ساتھ ملکر آپنے میٹر بند اور غیر قانونی پیٹرول کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ کر کے 300 تک فروخت کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


# خضدار مچھروں کی لپیٹ میں ملیریا، ٹائیفائیڈ عام ہو گیا، شہری پریشان

سخت گرمی میں مچھروں کی یلغار نے ملیریا ٹائیفائیڈ جیسی بیماریوں کو جنم دیا روزانہ کئی مریض ہسپتال آنے لگے

سرکاری ہسپتال میں اسپرو کی گولی تک میسر نہیں، پورے شہر میں اسپرے مہم شروع کی جائے، عوامی حلقے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار سخت گرمی میں مچھروں کی بہتات ملیریا، ٹائیفائیڈ بخار عام ہونے لگی ہے محکمہ صحت کی جانب سے خضدار شہر میں مچھروں کو کنٹرول کیلئے اسپرے مہم کا فقدان ہے شہری پریشان حکام بالا خواب خرگوش میں حرے کی نیند لے رہی ہے ان خیالات کا اظہار خضدار عوامی وسیاسی حلقوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا عوامی حلقوں نے کہا کہ محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ اور دیگر اعلیٰ سے مطالبہ کیا ہے کہ اس سخت گرمی میں خضدار میں مچھروں کی یلغار نے ملیریا ٹائیفائیڈ جیسے بیماریوں کو جنم دیا ہے روزانہ کئی مریض ملیریا میں مبتلا ہو رہا ہے اور ملیریا اور ٹائیفائیڈ کی بیماری شدت اختیار کر گیا ہے سرکاری ہسپتال میں اسپرو کی گولی تک میسر نہیں ہے ایک طرف مہنگائی دوسری طرف دوائیوں کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہونے سے غریب لوگ رل گئی ہے خضدار اور ارد گرد کے علاقے ملیریا اور ٹائیفائیڈ زور پکڑتی جا رہی ہے اور اینٹی بائیوٹک کے ٹیبلیٹ کی قیمتیں غریب لوگوں کی دسترس باہر ہوتی جا رہی ہے ملیریا کی ایک ڈوز خرید کر ہزار تک جا پہنچی ہے ہزاروں روپے ایک مریض کیلئے درکار ہو جاتی ہے اس دور مہنگائی میں غریب عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے محکمہ صحت سرکاری ہسپتالوں میں ملیریا اور ٹائیفائیڈ کی دوائیوں مثلاً سیرپ گولی اور انجیکشن کو مفت دیکر غریب عوام کو اس پریشانی سے چھٹکارا دلائیں دوسری جانب خضدار میں فوری طور پر مچھروں کی بہتات کو روکنے کیلئے محکمہ صحت ملیریا کنٹرول مہم شروع کر کے پورے شہر میں اسپرے مہم شروع کیا جائے تاکہ اس موذی مرض سے نجات پانے کیلئے عوام کو محکمہ صحت کی جانب سے کوئی ریلیف مل سکیں۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan news

Bullet No. 6 DATE: 05 JUL 2023 Page No: 16

# بلوچستان کو صنعتی ترقی کی ضرورت ہے!!

وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت نے اپنا آخری بجٹ دے دیا ہے اس بجٹ میں تعلیم اور صحت سمیت دیگر شعبوں کو اہمیت دی گئی ہے اور وزیراعلیٰ بزنجو اور وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی مختلف مواقع پر اسی عزم کا اظہار و اعادہ کرتے رہے ہیں کہ نامساعد حالات کے باوجود اس حکومت نے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لئے جو اقدامات اٹھائے ان کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا اور صوبائی حکومت صوبے کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کے حوالے سے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی۔ ہم ان کے عز کو سراہتے ہیں یقیناً اس موجودہ حکومت نے نامساعد حالات کے باوجود بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لئے اب تک غیر معمولی اقدامات اٹھائے ہیں جنہیں ہم سراہتے ہیں تاہم ساتھ ہی ساتھ اس امر کی نشاندہی بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں صنعت و حرفت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے اور اس حوالے سے اس موجودہ حکومت کو تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ ہمسایہ ملک ایران کے ساتھ سرحد پر بارڈر مارکیٹ کا قیام وزیراعظم شہباز شریف نے کیا تو انہوں نے اسی عزم کا اظہار کیا کہ پاک ایران تجارتی حجم میں اضافے اور معاشی سرگرمیوں میں مزید تیزی اور بڑھوتری کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ وفاقی حکومت کا یہ عزم مستحسن ہے تاہم اس نوع کے دیگر منصوبے بھی شروع ہونے جائیں۔ بلوچستان نہ صرف ہر طرح کے معدنی وسائل سے لبریز ہے بلکہ اس کے متعدد اضلاع دو ہمسایہ ممالک کے ساتھ سرحد پر واقع ہیں ان اضلاع میں لوگوں کو کاروبار میں آسانیاں چاہئیں اس حوالے سے کام کیا جائے۔ صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ صوبے میں صنعت و حرفت کی ترقی اور فروغ کے لئے نہ صرف اپنے طور پر کام کرے مختلف منصوبے شروع کرے بلکہ اس حوالے سے وفاقی حکومت سے بھی رابطہ کرکے پہلے سے جاری اقدامات میں تیزی اور وسعت لانے کا مطالبہ کیا جائے۔ ایسی پالیسی وضع کرنی چاہئے جس کی بدولت نہ صرف پاک ایران بلکہ پاکستان او رافغانستان کے مابین بھی تجارت میں اضافہ کیا جا سکے۔ ایسا نہیں ہے کہ تجارت نہیں ہو رہی یقیناً تجارت ہو رہی ہے تاہم اس میں مزید اضافہ بھی ہونا چاہئے یہ ہماری معیشت کے لئے انتہائی اہم ہے بالخصوص اگر ہمارے صوبے بلوچستان کی بات کریں تو وسیع و عریض رقبے کے حامل صوبے میں بہت زیادہ پسماندگی اور غربت ہے یہاں کے لوگوں کی غالب اکثریت زراعت اور مالداری سے وابستہ ہے دونوں شعبے تباہ حال ہیں حکومت اگر چاہے بھی تو تمام نوجوانوں کو روزگار نہیں دے سکتی صوبے کے لاکھوں لوگ سرحدی تجارت سے وابستہ ہیں انہیں کاروباری آسانیاں فراہم کی جائیں ٹیکسوں میں استثنیٰ سے لے کر امپورٹ ایکسپورٹ کی راہ میں حائل مشکلات کے ازالے تک حکومت کو وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے اس بابت وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو مل کر کام کرنا چاہئے اور ساتھ ہی ایوان ہائے صنعت و تجارت کے نمائندوں کی مشاورت اور آراء سے اقدامات کا ایک نیا سلسلہ شروع کرنا چاہئے بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے وفاقی حکومت کی جانب سے بارڈر مارکیٹس کے قیام کے منصوبے کا ہم نے تذکرہ کیا یہ ایک انتہائی مستحسن منصوبہ ہے اس حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں یہ حکومت سنجیدہ اقدامات کا عزم دہراتی رہی ہے سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے لازم ہے کہ خصوصی پیکجز کا اعلان کیا جائے اس سے ہماری معیشت کو بہت سہارا ملے گا باقی رہ گئی بلوچستان میں سرحدی تجارت کے فروغ و بڑھوتری کی بات تو بلوچستان اسمبلی، قومی اسمبلی اور سینیٹ میں اس حوالے سے مختلف تجاویز آتی رہی ہیں ان پر عمل کیا جائے سمگلنگ کا مکمل خاتمہ و تدارک یقینی بنایا جائے، تاجروں اور صنعتکاروں کے لئے خصوصی مراعات کا اعلان کیا جائے، بجلی کی موثر فراہمی یقینی بنائی جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ ہماری معیشت مستحکم و توانا نہ ہو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اس حوالے سے مختلف اقدامات کا عزم ظاہر کرتے رہے ہیں انہیں ہماری تجویز ہے کہ وہ بلوچستان میں صنعت و تجارت کے فروغ و ترقی کے لئے وفاق میں جا کر بیٹھ جائیں، وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر خزانہ، وزیر تجارت، فنانس منسٹری کے حکام سے ملاقاتیں کریں اور ایک ایسا جامع پیکج لائیں جس کی بدولت صوبے میں تجارتی و صنعتی سرگرمیوں کی ترقی اور پھیلاؤ یقینی بنایا جا سکے بلوچستان ملک کے باقی صوبوں کے مقابلے میں زیادہ غربت و پسماندگی سے دوچار صوبہ ہے یہاں روزگار کے ذرائع انتہائی محدود ہیں صوبے کو اس وقت صنعتی ترقی کی ضرورت ہے لیکن بدقسمتی سے کراچی سے متصل حب شہر کو چھوڑ کر باقی پورے صوبے میں کہیں بھی صنعتی ترقی کو حوصلہ افزاء قرار نہیں دیا جا سکتا حالانکہ اب پاک چین اقتصادی راہداری کی بدولت ہمارے صوبے میں صنعت و حرفت کی ترقی کے مزید امکانات اور مواقع پیدا ہوئے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ ان مواقع سے استفادہ کیا جائے حکومت نہ صرف صنعت و حرفت کی ترقی اور بڑھوتری کے لئے کام کرے بلکہ صوبے کے نوجوانوں کو ہنر مند کے لئے بھی مزید منصوبے شروع کئے جائیں تاکہ بے روزگاری کے تدارک و خاتمے میں بھی مدد ملے اور صوبے کے عوام کی معاشی ترقی اور خوشحالی کو بھی یقینی بنایا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

DATE: 05 JUL 2023 Page No: 17

# Solving tribal rift

On the call of Balochistan National Party (BNP-Mengal) a wheel-jam strike was observed on Monday throughout the province. The call of strike was against the worsening law and order situation in the Wadh area of Khuzdar district. Hundreds of BNP-M workers and leaders, including members of the national and provincial assemblies gathered at various points of different towns and cities and blocked highways. In Quetta, the party workers, led by their leaders Mir Naseer Ahmed Shahwani, Mir Akhtar Hussain Langove and Ahmed Nawaz Baloch, blocked the Quetta-Karachi and Quetta-Taftan highways.

Barricades and boulders were put on the highway near Luck Pass, closing the road for all kinds of vehicles. Passengers travelling in buses and other private vehicles faced difficulties at various points, especially women and children who suffered a lot due to the hot temperature and lack of drinking water and food. The Quetta-Karachi highway was blocked by BNP-M leaders and workers in Khuzdar, Mastung, Kalat, Surab, Lasbela and Hub areas. Unfortunately, the situation of Balochistan with regard to law and order, development, education etc is already in very pathetic condition but recently, the situation in Wadh has been tense for the last one week because of the presence of a large number of armed men there. The tribal armed men belonging to Sardar Akthar Mengal and Mir Shafiq Mengal have taken positions in Wadh. The situation is very serious and it is feared that a minor mistake from any side can cause huge loss of lives. The provincial government and Home Minister Mir Zia Langove along with IG police and other notables had visited Wadh where he had met with both parties to calm down the situation but still the situation is tense. According to sources apparently the dispute is over a piece of land, kidnapping of people, extortion while both sides are strong political opponents of each other. It is very unfortunate that Balochistan is still in the tight grips of tribalism which has inflicted massive losses to the province in the shape of poverty, backwardness and above all hundreds of people have died in such clashes. The BNP is in opposition in Balochistan Assembly while in the center it is a coalition partner of the federal government. The political and tribal issues ought to be addressed through dialogue and it is the responsibility of provincial, federal governments as well as tribal elders of Balochistan to play their crucial role at this critical juncture to steer Balochistan out from any possible bloodshed.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6 DATE: 05 JUL 2023 Page No: 20

# وفاق کی طرف سے وعدے پورے نہ کئے جانے پر وزیر اعلیٰ کا سخت ردعمل






کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ایک بار پھر وفاقی حکومت کے رویے پر سخت ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے دو ٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ وفاق سخت ردعمل پر مجبور نہ کرے ہم اپنے حق سے دستبردار نہیں ہوں گے، وفاق نے بلوچستان کے ساتھ وعدے ایفا نہ کرنے کی روایت برقرار رکھی ہے، ان کا کہنا ہے کہ ہم وفاق سے خیرات نہیں بلکہ اپنا حق مانگ رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے یہ سخت بیان ایک ایسے وقت میں دوبارہ سامنے آیا جب بلوچستان کی موجودہ مخلوط حکومت مالی سال 2023-24 کا صوبائی بجٹ اتفاق رائے سے منظور کر چکی ہے اور اگست میں اپنی مدت پوری کر کے حکومتی باگ ڈور نگران سیٹ اپ کے حوالے کرنے جا رہی ہے۔ صوبائی بجٹ 2023-24 کی تشکیل کے دوران مالی بحران میں پھنسی ہوئی بزنجو حکومت نے وفاقی حکومت کے بلوچستان کے ساتھ ناروا رویے پر سخت احتجاج کرتے ہوئے یہ موقف اختیار کیا تھا کہ پی پی ایل کے واجبات اور این ایف سی ایوارڈ میں شیئر سمیت وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے منصوبوں کے لئے زیادہ سے زیادہ فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے عدم دلچسپی پر بلوچستان حکومت نے این ای سی کے اجلاس کے بائیکاٹ اور وفاقی بجٹ کے اجلاس میں شرکت نہ کرنے جیسے سخت فیصلے لئے جس پر وفاقی حکومت حرکت میں آئی اور وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے اس حوالے سے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں بلوچستان کے موقف کو تسلیم کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ کی سربراہی میں پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی جس نے 30 جون تک بلوچستان کے مالی مسائل کے حوالے سے اپنی رپورٹ مرتب کر کے وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کو پیش کرنی تھی لیکن ایک اجلاس کے انعقاد کے بعد یہ پارلیمانی کمیٹی بھی اپنی افادیت کھو چکی ہے اور بلوچستان حکومت کے وفاقی حکومت کے حوالے سے معاملات پر کچھ نہ کر سکی بلکہ وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے اعلان کو وفاقی وزیر خزانہ سمیت پی پی ایل اور قائم پارلیمانی کمیٹی نے سنجیدہ نہیں لیا اور معاملات جوں کے توں ہی رہے جس پر مجبوراً وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو اس حوالے





سے سخت ردعمل دینا پڑا، یہاں تک کہ پی پی ایل جس کے بلوچستان حکومت کے ذمہ 60 ارب روپے سے زائد کے واجبات ہیں اور اس کا حکومت بلوچستان کے ساتھ 2015 میں معاہدہ بھی ختم ہو چکا ہے اس کے باوجود پی پی ایل وہاں غیر آئینی اور غیر قانونی طور پر گیس نکال رہی ہے جبکہ بلوچستان حکومت کی واجب الادا رقم یکطرفہ طور پر روکے ہوئے ہے اور اس حوالے سے ٹس سے مس نہیں ہو رہی۔ وزیر اعلیٰ بزنجو نے مجبوراً پی پی ایل کو ایسٹ انڈیا کمپنی سے تشبیہ دیتے ہوئے یہ وارننگ جاری کی ہے کہ بلوچستان حکومت کو اگر اس نے واجبات ادا نہیں کئے تو پی پی ایل کو سوئی میں آپریشن جاری رکھنے نہیں دینگے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نے وفاقی حکومت کی جانب سے پی پی ایل کے حوالے سے صوبہ بلوچستان کے ساتھ جاری ناانصافی پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ ان سیاسی مبصرین کے مطابق وفاق کا جغرافیائی لحاظ سے ملک کی سب سے بڑی اور اہم اکائی کے مقابلے میں ایک کمپنی کو ناجائز سپورٹ کرنا ناقابل فہم ہے جس کی وجہ سے صوبے میں وفاق کے خلاف عوامی سطح پر بداعتمادی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ این ایف سی ایوارڈ جس کی مدت 2014ء میں پوری ہوئی تھی اور نئے این ایف سی ایوارڈ کی اب تک تشکیل نہ ہونے سے بلوچستان کو ایک اندازے کے مطابق سالانہ دس ارب روپے سے زائد کا مالی نقصان ہو رہا ہے جو کہ اس پسماندہ صوبے اور یہاں کے عوام کے ساتھ زیادتی اور ناانصافی کے مترادف ہے۔ ان سیاسی مبصرین کے مطابق وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کو ہمیشہ سے نظر انداز کیا جاتا رہا ہے حالانکہ اسلام آباد کے ایوانوں میں بیٹھ کر بلوچستان کو وفاق کی ایک اہم اکائی قرار دیتے ہوئے ماضی میں اس کے ساتھ ناروا رویہ روا رکھے جانے اور اس کے ازالے کے لئے بڑے بڑے بھاشن دیئے جاتے ہیں اور بلوچستان کے عوام کے زخموں پر مرہم لگانے کی باتیں کی جاتی ہیں لیکن یہ تمام عمل اور باتیں صرف ٹھنڈے کمروں اور اجلاسوں تک محدود ہیں عملی اقدامات اٹھانے اور بلوچستان کے ساتھ ماضی کی ناانصافیوں کے ازالے کیلئے وفاقی بیوروکریسی کے ہاتھ پاؤں باندھ دیئے جاتے ہیں جس کی واضح مثال وزیر اعلیٰ بلوچستان اور ان کی حکومت کی چیخ و پکار کے باوجود وفاق کے ایوانوں میں خاموشی اور ماضی کی روش کو جاری و ساری رکھے جانا ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق وفاق میں بلوچستان کی نمائندگی کرنے والے عوامی نمائندوں پر بھی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ خاموشی کا روزہ توڑ کر بلوچستان کے حقوق کے حصول کے لئے آواز بلند کریں سینیٹ اور قومی اسمبلی میں تمام عوامی نمائندے ایک پیج پر آئیں اور سیاسی و پارٹی وابستگی کو بالائے طاق رکھ کر یک آواز ہو کر بلوچستان کے حقوق کے حصول کے لئے متحد ہوں تو یقیناً وفاق اور اس کی اکڑ خان بیوروکریسی بلوچستان کے حقوق دینے پر مجبور ہو گی مگر ضرورت اس بات کی ہے کہ صوبے کے حقوق کے لئے سب اکٹھے ہو جائیں اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے نعروں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے نیک نیتی سے ایک دوسرے کا ساتھ دیں اور صوبے کا کیس موثر انداز میں وفاق کے سامنے رکھ کر اس سے منوائیں۔

دوسری جانب بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کا فائنل راؤنڈ 6 جولائی کو ہونے جا رہا ہے جس میں مختلف اضلاع میں چیئرمینوں اور وائس چیئرمینوں کا انتخاب ہوگا۔ یہ انتخاب اس لئے بھی اہمیت کا حامل ہے کہ اس انتخاب سے سیاسی و قوم پرست اور مذہبی جماعتوں کی پوزیشن واضح ہو جائے گی جس کے اثرات آئندہ آنے والے عام انتخابات پر بھی مرتب ہوں گے اور واضح ہو گا کہ آئندہ عام انتخابات میں صوبے میں کونسی جماعتیں کامیابی سے ہمکنار ہو سکتی ہیں یعنی بلدیاتی انتخابات عام انتخابات کے لئے وارم اپ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ●

## بلوچستان کو اس کے حصے کا پانی کب ملے گا یہ حق تلفی آخر کب تک

بلوچستان کے ساتھ ہمیشہ ہر معاملے پر سوتیلی ماں کا سلوک رہا ہے۔ چاہے ملازمتوں کا کوٹہ ہو۔ یا پھر سوئی گیس سینڈک اور کوئلے کی رائلٹی ہو۔ دستیاب وسائل کی تقسیم میں بلوچستان کا حصہ کبھی بھی پوری طرح سے نہیں ملا ہے جبکہ ہر معاملے میں واضح طور پر قانون سازی بھی کی ہے اس کے باوجود ہمیشہ سے بلوچستان کی آواز کو نظر انداز کیا جاتا رہا ہے بلوچستان کو ہر معاملے میں نظر انداز کیا جاتا رہا ہے۔ پاکستان کی 44 چوالیس فیصد رقبے پر مشتمل یہ صوبہ ہمیشہ سے وفاق کی زیادتیوں ناانصافیوں کا شکار ہوتا آرہا۔ یہاں تک کہ سندھ۔ بلوچستان نے سندھ کو ہمیشہ اپنا بڑا بھائی مان کر وفاق میں ہر موڑ ہر مسئلے پر ہر وقت سندھ کا ساتھ دیا دہی سندھ ایک عرصے سے بلوچستان کے ساتھ زیادتی کرتا آرہا ہے پورے ملک کے رقبے کا نصف حصہ رکھنے والے اس صوبے کو پانی کی تقسیم میں مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا تاہم اس کے باوجود (ارسا) انڈس ریور سسٹم اتھارٹی کے تحت چاروں صوبوں کے درمیان 1991 میں ایک معاہدہ ہوا جو کہ بلوچستان نے اس معاہدے کو خوشی خوشی قبول کیا۔ ملک کی 44 فیصد رقبے کا مالک اس پورے صوبے میں صرف دو ہی نہریں ہیں چونکہ یہ دونوں نہریں دریائے سندھ سے نکالی گئی ہیں اور سندھ سے گزرتے ہوئے بلوچستان میں داخل ہوتی ہیں راستے میں کئی ایک جگہوں سے محکمہ انہار سندھ کے اہلکار پانی چوری کرکے سندھ کو پانی فروخت کرتے آرہے۔ اور پھر بلوچستان کو اس

کے حصے کے پانی سے یہ کہہ کر محروم کیا جاتا ہے کہ پنجاب ہمیں پانی کم دے رہا ہے۔ اس لئے ہم مجبور ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ پنجاب بھی اس طرح کی حرکتیں کرتا ہے لیکن اس کا یہ تو مقصد ہرگز نہیں بنتا ہے کہ کرے کوئی بھرے کوئی۔ سندھ کی جانب سے۔ اس حق تلفی اور زیادتی کے خلاف بلوچستان کی ہر حکومت نے ہر فورم پر آواز بھی اٹھائی کئی مواقعوں پر بھرپور احتجاج بھی کیا جبکہ نصیرآباد کے زمیندار تو آئے روز احتجاج پر ہوتے ہیں وفاق ہو۔ چاہئے سندھ کی جانب سے صرف طفل تسلیوں کے سوا کچھ بھی نہیں ہوتا ہے خریف ہو یا ربیع کی سیزن ایک بھی نہیں گزری ہو جس میں ہمارے منتخب نمائندوں اور بلوچستان کی قیادت نے سندھ کے اعلیٰ ارباب سے اس بارے میں ملاقاتیں نہ کی ہوں ہر بار سندھ کی طرف سے یہی یقین دہانی کرائی جاتی رہی اس بار زیادتی نہیں ہوگی بلوچستان کو اس کے حصے کا پورا پانی دیا جائے گا لیکن آج تک یہ وعدہ وفا نہیں ہوا ہے۔ آج بھی مورخہ 3 جون 2023 کو بلوچستان کا ایک اعلیٰ سطح کا وفد اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد خان جمالی کی قیادت میں وفاقی وزیر برائے آبی وسائل سید خورشید شاہ سے ملے اس موقع پر سیکریٹری اریگیشن سندھ۔ چیف انجینئر سکھر بیراج۔ چیف انجینئر گڈو بیراج، سندھ اریگیشن کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی بلوچستان کے وفد میں سیکریٹری اریگیشن عبدالفتاح بھنگر بلوچستان اریگیشن کے اعلیٰ آفیسران کے علاوہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر سابق وفاقی وزیر میر چنگیز خان جمالی بلوچستان کے آبپاشی کے وزیر محمد خان لہڑی سابق ایم پی اے میر حیدر خان جمالی سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نوابزادہ سالار خان جمالی زمیندار ایسوسی ایشن کے میر حاجی شبیر احمد خان عمرانی میر جمیل احمد رند حاکم علی خان جمالی سمیت زمیندار ایسوسی ایشن کے دیگر رہنماؤں سمیت نصیرآباد ڈویژن کے سرکردہ قبائلی شخصیات وفد میں شامل تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر سید خورشید شاہ اور سیکریٹری اریگیشن نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ اس بار نہ صرف دریاؤں میں پانی کی پوزیشن بہتر ہے بلکہ ہمارے آبی ذخائر کی صورت حال تسلی بخش ہیں لہٰذا ہر حال میں بلوچستان کو اس کے حصے کا پورا پانی ملے گا۔ اللہ کرے ایسا ہی ہو۔ ویسے میں دیکھ رہا ہوں کہ پانی کے مسئلے پر بلوچستان کے لوگوں کی صبر برداشت کا پیمانہ لبریز ہوتا جارہا ہے سندھ کو اپنا بڑا بھائی ماننے والے کہیں پانی کے مسئلے کو لے کر سندھ کو اپنا بڑا دشمن نہ مان لیں اس طرح ہوا تو یہ نہ صرف وفاق کو نقصان ہے بلکہ سندھ بلوچستان کے لوگوں میں اس معاملے پر نفرت پیدا ہوگی تو اس کو صاف کرنا بہت ہی مشکل ہوگا کیونکہ میں سن رہا ہوں ایک عرصے سے آوازیں آرہی ہیں کہ اگر سندھ ہمارے حصے کا پانی نہیں دے رہا ہے تو حب ڈیم سے کراچی کو پانی کی سپلائی بند کرو۔ پانی کے معاملے پر ایک قسم کا لاوا پک رہا ہے اللہ نہ کرے اگر یہ مطالبہ ضرور پکڑ گیا اور حکومت بلوچستان ایسا کرنے پر مجبور ہوا تو یہ نقصان سندھ اور بلوچستان کے عوام کا ہی ہوگا نہ کہ کرپٹ اہلکاروں یا نہ اہل حکمرانوں کا۔ اس لئے ضرورت اس امر کی سندھ حکومت فوری طور پر ہوش کے ناخن لے محکمہ انہار کو پابند کرے کہ بلوچستان کے حصے کا پانی ہر صورت میں مکمل دینا ہے لہٰذا۔ چاہئے کچھ بھی ہو اس میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی نہیں ہونا چاہئے۔ نیز بلوچستان حکومت کو چاہئے کہ اریگیشن سسٹم سمجھنے والے ماہرین کی خدمات حاصل کرکے تکنیکی بنیادوں پر نہروں میں پانی کی بہاؤ کو سمجھتے ہوئے سندھ کے کسی بھی اعتراض کا موثر جواب دینے کی صلاحیت موجود ہوں تا کہ سندھ اریگیشن والوں کا کوئی بہانہ نہ چل سکے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 05 JUL 2023 Page No: 22


# صنفی امتیاز-بلوچستان میں خواتین صحافیوں کی حالت زار


سعدیہ زہرہ


صوبہ بلوچستان پاکستان کے جنوب مغربی حصے میں واقع ہے اور رقبے کے لحاظ سے چاروں صوبوں میں سب سے بڑا ہے۔ یہ متعدد نسلوں اور زبانوں کا گھر ہے، جن میں بلوچ، براہوئی، پشتون، ہزارہ اور دیگر شامل ہیں۔ بلوچستان پاکستان کے اہم ترین صوبوں میں سے ایک ہونے کے باوجود ذرائع ابلاغ کے میدان میں وسائل اور مواقع تک رسائی کے حوالے سے

روایتی طور پر کم نمائندگی رکھتا ہے۔ خاص طور پر خواتین کو میڈیا پلیٹ فارمز تک رسائی میں کئی رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ خواتین عام طور پر معاشرے میں کم سماجی و اقتصادی حیثیت رکھتی ہیں اور محدود سہولیات، تعلیمی اور پدرانہ اصولوں کی وجہ سے انہیں امتیازی سلوک کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ غیرت پرمبنی تشدد میڈیا کے میدان میں ان کی شرکت کو محدود کرتا ہے۔ 5 ستمبر 2020 کو تربت سے تعلق رکھنے والی، پی ٹی وی کی معروف صحافی شاہین شاہ اپنے ہی گھر میں گولی مار کر قتل کردی گئیں اور ان کے شوہر کو ملزم نامزد کیا گیا۔ صنفی بنیاد پر امتیازی سلوک خواتین رپورٹرز کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے، جنہیں خبروں کی کوریج کرنے اور خوفزدہ ہوئے بغیر اپنی رائے کا اظہار کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔ پاکستان میں خواتین صحافیوں کی آواز کو خاموش کرنے سے ملک کی آزادی صحافت اور جمہوریت کو گہرا نقصان پہنچتا ہے۔

بلوچستان میں میڈیا میں خواتین کی نمائندگی پورے صوبے میں مایوس کن حد تک کم ہے، اطلاعات کے مطابق صرف سات خواتین

صحافی اور کوئٹہ میں مقیم ایک کھیلوں کی صحافی کام کر رہی ہیں مزید یہ کہ میڈیا میں خواتین کی شمولیت کے لیے حکومتی اور خاندانی تعاون کا فقدان ہے۔ بلوچستان میں صحافت کی ڈگری دینے والی چند یونیورسٹیوں میں، یونیورسٹی آف بلوچستان (U o B)، بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BUITEMS) اور سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی (SBKWU) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، صرف ایک ہی میڈیا پروجیکٹ شرمین عبید چنائے کی طرف سے خواتین فلم سازوں کے لیے متعارف کرایا گیا ہے۔

بلوچستان میں اکثر لوگ دقیانوسی اصول اور ذہنیت رکھتے ہیں جو روایتی صنفی کرداروں کو تقویت دے کر میڈیا میں خواتین کی شمولیت میں رکاوٹیں پیدا کرتے ہیں اور اس خیال کو تقویت دیتے ہیں کہ صرف مرد ہی کچھ کام انجام دے سکتے ہیں۔ یہ عمل میڈیا میں خواتین کی نمائندگی کو متاثر کرتا ہے، خواتین کے بارے میں دقیانوسی تصورات کو برقرار رکھتا ہے اور سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ان کی صلاحیت کو محدود کرتا ہے۔ مزید برآں، میڈیا میں خواتین کی نمائندگی کی کمی مروجہ صنفی امتیاز کا پیغام دیتی ہے، کہ خواتین مردوں کے برابر نہیں ہیں اور کم کوریج کے لائق ہیں۔

بلوچستان میں صحافت میں زیادہ سرمایہ کاری اور خواتین پر مبنی میڈیا پراجیکٹس کی ضرورت ہے۔ میڈیا کو خواتین سامعین کو مشغول کرنے اور ان کی ترغیب دینے اور معاشرے میں اپنی آواز تلاش کرنے میں ان کی مدد کرنے کے لیے ایک طاقتور ٹول (tool) کے طور پر

استعمال کیا جا سکتا ہے۔ خواتین کو ہی دوسری خواتین کے مسائل کا بہتر علم ہوتا ہے اور وہ انھیں مردوں کے مقابلے میں زیادہ بہتر انداز میں اجاگر کرسکتی ہیں۔

"صحافت کی طاقت ان لوگوں کی آوازوں میں پنہاں ہے جو ان سنی اور نادیدہ ہیں، لہذا صحافت میں خواتین کے لیے یہ خاص طور پر اہم ہے کہ وہ ان لوگوں کو سنیں اور ان کے نقطہ نظر کو بلند کریں جو تاریخی طور پر پسماندہ ہیں۔"

-ایلیسن گرائنز

میڈیا پراجیکٹس میں سرمایہ کاری کا فقدان نہ صرف بلوچستان میں خواتین کو بااختیار بنانے میں رکاوٹ بنے گا بلکہ نئی نسل کو میڈیا آؤٹ لیٹس (Media Outlets) کے ذریعے صحیح معلومات اور علم تک رسائی حاصل کرنے سے روکے گا۔ میڈیا کی مضبوط موجودگی کے بغیر، بلوچستان میں ایسی بامعنی تبدیلی لانا مشکل ہوگا جو صنفی عدم مساوات، صنفی بنیاد پر تشدد اور سماجی اخراج کا شکار بہت سی خواتین کی زندگیوں کو بہتر بناتی ہے۔ صحافت اور خواتین پرمبنی میڈیا پراجیکٹس میں سرمایہ کاری خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے قابل اعتماد اور متعلقہ معلومات تک رسائی کے ذریعے ایک ضروری پلیٹ فارم فراہم کرسکتی ہے۔

میڈیا اور صحافت میں خواتین کی آواز کو فروغ دینے اور ان کو بڑھا کر، ہم انہیں دیکھنے اور سننے کے مزید مواقع پیدا کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ خواتین کے لیے وقف تربیتی مشق (Internships)، عطیات (Grants) اور وظیفے (scholarships) کی فراہمی خواہشمند

خواتین مصنفین اور ایڈیٹروں کی حوصلہ افزائی کرسکتی ہے۔ اس سے تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی ہوگی اور خواتین کو اپنے خوابوں کو پورا کرنے کا موقع ملے گا۔ اس طرح، رہنمائی کے ذریعے، تجربہ کار خواتین صحافی اور ایڈیٹرز اپنے موجودہ نیٹ ورکس کو وسعت دے سکتی ہیں، ساتھ ہی ساتھ نوجوان نسلوں کے ساتھ اپنی دانشمندی اور مہارتیں بھی بانٹ سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ، بلوچستان میں خواتین کو صحافت میں حصہ لینے کے لیے درکار وسائل فراہم کرنا بہت ضروری ہے۔ خبر رساں اداروں تک مساوی رسائی فراہم کرنا اور ان خواتین صحافیوں کو اپنے نقطہ نظر سے کہانیاں رپورٹ کرنے کے مواقع فراہم کرنا میڈیا میں صنفی مساوات کو آگے بڑھانے کے لیے ایک ضروری قدم ہے۔ میڈیا میں خواتین کی شرکت ان کے مرکزی مسائل جیسے خواتین کے حقوق، صحت کی دیکھ بھال تک رسائی، تعلیم اور اقتصادی مواقع کے بارے میں بیداری کو بھی بڑھا سکتی ہے اور صنفی مساوات پر بات چیت کے لیے ایک پلیٹ فارم تشکیل دے سکتی ہے۔ مزید برآں، اس سے ایسے قوانین اور پالیسیاں بنانے میں مدد مل سکتی ہے جن کا مقصد بلوچستان میں صنفی بنیاد پر فرق کو کم کرنا ہے۔ میڈیا اور صحافت میں خواتین کی حمایت سے ایسے مواقع پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے جو بلوچستان میں خواتین کو درپیش مسائل پر تنقیدی توجہ دلائیں گے۔ لہذا، اس طرح، بلوچستان میں خواتین خطے میں تبدیلی کی واضح اور ثابت قدم نمائندے بن کر ابھر سکتی ہیں۔

(مصنفہ بلاچستان تھنک ٹینک نیٹ ورک، (BTTN) میں بلوچستان/ افریقہ چیپٹر پر کام کررہی ہے۔)

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 05 JUL 2023 Page No: ________



کوئٹہ : گورنر عبدالولی کاکڑ سے اقوام متحدہ کے کنٹری نمائندہ برائے پاپولیشن پروگرام ڈاکٹر لوئے شبانے ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے سنیل کمار بجاج کی قیادت میں ہندو پنچائیت کا وفد ملاقات کر رہا ہے



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے وڈیرہ شیرباز مری ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے منیر کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

Balochistan Time Quetta



**QUETTA:** UN Country Representative for Population Programme Dr Luay Shabaneh calls on Governor Balochistan Abdul Wali Kakar on Tuesday.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 05 JUL 2023 Page No: ________




صوبائی وزیر حاجی محمد خان طوراتمانخیل سے لوگ ملاقات کر رہے ہیں